ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | سوموار 11 اگست 2025ء، 16 صفر 1447ھ، 27 ساون 2081 | 8 صفحات/ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 109

کنٹریکٹرز کا مطالبات کے حق میں 14 اگست کو LOC کی طرف مارچ کا اعلان

12 اگست کے ٹینڈرز کا بائیکاٹ، فوری منسوخی کا مطالبہ، 30 اگست سے آزاد کشمیر بھر میں تمام ترقیاتی پراجیکٹس پر کام نہ کرنے، مطالبات کی منظوری کیلئے کسی بھی حد تک جانے سے گریز نہ کرنے کا عزم

جب تک ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کیئے جاتے اور ہمارے حقوق ہمیں نہیں دیئے جاتے تب تک نہ ہم کوئی کام کریں گے اور نہ ہی کسی بھی طرح کی جھوٹی تسلیوں سے دل بہلائیں گے، ہنگامی پریس کانفرنس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) کنٹریکٹرز نے 12 اگست کو ہونے والے ٹینڈرز کا بائیکاٹ کرتے ہوئے فوری طور پر ٹینڈرز کی منسوخی کا مطالبہ کر دیا ہے اور اپنے مطالبات نہ ماننے کی صورت احتجاجاً 14 اگست کو LOC کی طرف مارچ اور پہیہ جام ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ کنٹریکٹرز کے مطابق ہم اپنے ایگریمنٹس کا بھی احترام کرتے ہیں اور ہمارے حقوق ہمیں نہیں دیئے جاتے تب تک نہ ہم کوئی کام کریں گے اور نہ ہی کسی بھی طرح کی جھوٹی تسلیوں سے دل بہلائیں گے۔ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن پونچھ کے صدر سردار وحید خان، مرکزی جنرل سیکرٹری جمیل عالم مرزا، سرپرست اعلیٰ سردار عبدالصبور خان، سردار خالد خان، سردار ظفر حیات، سردار عالمگیر خان، سردار نثار خان، سردار عامر رفیق، سردار نثار خان، سردار عامر مرزا، سردار عامر مرزا، سردار عامر مرزا

بقیہ 1

دیتی ہیں اور ہم دیکھتے رہتے ہیں اور ہم اور ہمارا ادارہ یہ ایک طبقہ اسٹاف کی طرف سے اس ایشو پر بات کر رہا ہے اور ہم اس کو سپورٹ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالرحمٰن کیانی نے کہا کہ ہم نے ڈاکٹر کے ساتھ مل کر ایک ایسا کام کیا ہے جو کہ ہمارے ڈاکٹر صاحبان کی بہت بڑی خدمت ہے

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
@www.dailydharti.pk Mdailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر عابد صدیق ★ ایڈیٹر عمر خیام

متبوضہ کشمیر میں طویل ترین فوجی محاصرہ

جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام میں بھارتی فوج کا جاری فوجی محاصرہ اور تلاشی آپریشن پانچویں روز میں داخل ہو چکا ہے۔ یہ کارروائی 31 جولائی کو اکھل علاقے میں مجاہدین کی موجودگی کے دعوے پر شروع کی گئی جسے بھارتی حکام نے "آپریشن اکھل" کا نام دیا ہے۔ بھارتی فورسز کے مطابق ایک نوجوان کی شہادت اور فوج کے چھ اہلکاروں کے زخمی ہونے کے بعد بھی یہ آپریشن ختم نہیں ہوا بلکہ مزید شدت اختیار کر گیا ہے۔ رات بھر فائرنگ اور دھماکوں کی آوازیں سنائی دیتا اس بات کا ثبوت ہے کہ علاقے کو جنگی میدان میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اس آپریشن میں ہیلی کاپٹر، ڈرونز، جدید اسلحہ اور پیراکمانڈوز کی شمولیت محض ایک عسکری مشن نہیں بلکہ کشمیری عوام پر طاقت کے بھرپور مظاہرے کی علامت ہے۔ ضلع کے داخلی و خارجی راستوں کو بند کر دینا، شہریوں کو گھروں میں محصور کرنا، اور ان کی روزمرہ زندگی کو معطلوج کر دینا انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ یہ اقدامات نہ صرف بنیادی شہری آزادیوں پر حملہ ہیں بلکہ عالمی انسانی قوانین اور جنیوا کنونشن کی روح کے منافی بھی ہیں۔

یہ پہلا موقع نہیں کہ بھارتی فوج نے کسی علاقے کو اتنے طویل عرصے کے لیے محاصرے میں لیا ہو لیکن کولگام میں جاری یہ فوجی کارروائی واضح طور پر اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ متبوضہ وادی میں طاقت کے ذریعے خوف مسلط کرنے کی حکمتِ عملی اب بھی بھارتی پالیسی کا حصہ ہے۔ اس طرح کے اقدامات سے نہ تو مزاحمتی تحریک کو ختم کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کو دبایا جا سکتا ہے۔ عالمی برادری، انسانی حقوق کے اداروں اور اقوام متحدہ کو چاہیے کہ وہ اس طویل اور ظالمانہ محاصرے کا فوری نوٹس لیں۔ یہ محاصرہ صرف عسکری کارروائی نہیں بلکہ لاکھوں کشمیریوں کی زندگی اور آزادی پر براہِ راست حملہ ہے۔ دنیا کو یاد رکھنا چاہیے کہ متبوضہ کشمیر میں امن اور انصاف صرف اسی وقت قائم ہو سکتا ہے جب کشمیری عوام کو ان کا حقِ خود ارادیت دیا جائے۔ ایک ایسا حق جو اقوام متحدہ کی قراردادوں میں واضح طور پر تسلیم کیا جا چکا ہے۔ کولگام کا محاصرہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ طاقت کا وحشیانہ استعمال مسائل کا حل نہیں بلکہ انہیں مزید پیچیدہ بناتا ہے۔ اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ بندوق کی زبان کو خاموش کر کے مکالمے، انصاف اور سیاسی حل کی طرف بڑھا جائے۔ جب تک یہ نہیں ہوتا محاصرے، دھماکے اور لاشیں کشمیری عوام کی روزمرہ زندگی کا حصہ بنی رہیں گی اور یہ انسانیت کے لیے ایک ناقابلِ معافی جرم ہے۔

ریاستی باشندگی کے نام پر آزاد کشمیر کا سیاسی و معاشی استحصال

میں مہاجرین کشمیر قیم پاکستان کی آزاد کشمیر اسمبلی میں نمائندگی اور نوکریوں میں کوٹہ کے بارے میں کئی بار لکھ چکا ہوں۔ یہ بات کہ ریاستی ذاتی شناخت یا ثبات کی بنیاد پر نہیں بلکہ انصاف، بھمپوری اصولوں اور آئینی تقاضوں کے تحت کیا جا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ نظام اب ایک بدعت بن چکا ہے، جس کے بعد راست اور بالواسطہ مستفید ہونے والوں کے علاوہ عام عوام کے لیے یہ ایک جدلیاتی، سیاسی، اخلاقی اور قانونی سوال بن گیا ہے۔

یہ لاوا کسی بھی وقت پھٹ سکتا ہے۔ اس کی ایک جھلک 2024ء میں دیکھی گئی جب عوامی ایکشن کمیٹی نے پہیہ جام ہڑتال کے بعد حکومت سے اپنے مطالبات منوائے۔ اسی سال بنگلہ دیش میں شیخ حسینہ کی حکومت کو غیر منصفانہ کوٹہ سسٹم کے خلاف عوامی تحریک کے نتیجے میں اقتدار چھوڑ کر جلاوطنی اختیار کرنا پڑی۔ آزاد کشمیر میں بھی ذاتیات کی اور کوٹہ کے خلاف عوامی رویل میں روز بروز شدت آ رہی ہے، جبکہ اس کے فائدہ اٹھانے والے فریق صورت حال کو گمراہ کی طرف لے جا رہے ہیں۔

آئینی دائرہ کار اور ذمہ داری

اس سنگین کی بنیادی ذمہ داری حکومتِ پاکستان پر عائد ہوتی ہے، کیونکہ آزاد کشمیر کو آئینی و انتظامی کا بنایا ہوا ہے، اور اس سے پیدا ہونے والے تمام نتائج کی ذمہ داری بھی اسی پر ہے۔ آزاد کشمیر کا آئین اپنے دائرے میں صرف ریاستی کی بہتر تعریف اور انتظام کے لیے ہے۔ اس کے تحت نہ اسمبلی اور نہ حکومت کو مہاجر پاکستانیوں کے لیے کوئی بنیاد مقام ہے۔ کیا یہ عجیب کہ کوئی شخص کسی علاقے کا رہائشی نہ ہو، وہاں کے قوانین کا پابند نہ ہو، لیکن وہ نہ صرف اسمبلی استعمال نہ کرتا ہو، اور پھر بھی اس علاقے کی حکومت اور وسائل پر اختیار رکھے؟ آزاد جموں و کشمیر میں یہی تصور منصفانہ صورت حال پون صدی سے جاری ہے۔

بیس ہفتہ اور حیات

1947ء اور اس کے بعد لاکھوں کشمیری باشندے جان و مال بچا کر ہندوستان کے مقبوضہ علاقوں سے پاکستان اور دنیا کے دیگر حصوں میں آباد ہوئے۔ پاکستان میں بسنے والے اکثر مہاجرین اثر و رسوخ رکھنے والے اور مسلم اکثریتی علاقوں سے تھے۔ انہیں وزارت کشمیر امور کے ذریعے آزاد کشمیر کی سیاست میں شامل کیا گیا۔ 1960ء میں بنیادی جمہوریتوں کے آئین کے تحت یہ عمل باضابطہ قانونی حیثیت اختیار کر گیا اور 1974ء کے عبوری آئین میں اس کو آئینی تحفظ ملا۔

اوراک جیسی پہ بنائی گئی کہ آزاد کشمیر پوری ریاست "میرپور کیسے" ہے اور مہاجرین کو نمائندگی اس لیے دی گئی کہ وہ پوری ریاست کی ترجمانی کریں۔ لیکن یہ پورا اصل مدعا جب پرکھی کہ مقبوضہ پاکستان آزاد کشمیر کی برادری سیاست پر براہ راست کنٹرول چاہتی تھی، اور یہ چاہتا تھا کہ اس کے لیے بہتر نہ ذریعہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج تک ریاستی کوٹہ کی تعریف ابھی تک نامکمل ہے اور گورننس کا ذریعہ بنی ہوئی ہے۔

دو بیرا معیار اور ناانصافی

پاکستان میں آباد مہاجرین کو پاکستانی شہریت، شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ووٹ کا حق، زمین کی ملکیت، کاروبار، اور تمام شہری سہولیات حاصل ہیں۔ اس کے باوجود انہیں آزاد کشمیر اسمبلی میں نشستیں اور ملازمتوں میں 25 فیصد کوٹہ دیا جاتا ہے، جبکہ یہاں کے مقامی نوجوان اہمی حقوق سے محروم رہتے ہیں۔ یہ کھلا استحصال اور نیو نیوں کا ڈھونگ ہے۔

دنیا کی کوئی جمہوریت اس قسم کی مثال پیش نہیں کر سکتی جہاں غیر رہائشی افراد کسی علاقے کی قانون سازی اور وسائل پر اختیار ہو۔ یہ نظام دراصل سیاسی رشوت کو آئینی تحفظ دے کر عوام کو اس مفروضے پر بہلیل بناتا ہے کہ دراے شماری کے وقت یہ دوٹ دیں گے۔

بیس مقدر اور حیات

یوایین قراردادوں کو بنیاد بنا کر کہا جاتا ہے کہ ان مہاجرین کو رائے شماری میں ووٹ کا حق حاصل ہے، اس لیے نمائندگی بھی ضروری ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ سیاسی کونسل کے مقرر کردہ نمائندوں نے رائے شماری کو ٹالنے میں اہم کردار ادا کیا اور دیگر ہر امن سازشے تجویز کیے۔ آج کی دنیا میں قرارداد یں محض کاغذی حیثیت رکھتی ہیں، جیسا کہ افغانستان، فلسطین، شام اور کشمیر کے حالات سے واضح ہے۔

بھارت نے دفعہ 35 A کی منسوخی کے بعد لاکھوں غیر کشمیریوں کو شہریت دے دی ہے۔ اس صورت حال میں ہمارا نمائندگی کا حق قبول ہے۔ مل صرف پاکستان کی رفاہی، سیاسی اور معاشی قوت میں ہے، نہ کہ مفروضہ پر مبنی نمائندگی کے اس نظام میں۔

متاثرین اور اصل حق ملکیتی

آزاد کشمیر کے باسی روزانہ سرحدی گولہ باری، بھوک و بیماری، بے روزگاری، اور غیر ملکی سیاحوں کی کمی کا سامنا کرتے ہیں۔ ایسے میں غیر مقامی افراد کو اسمبلی اور ملازمتوں میں کوٹہ دینا مقامی نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے۔

حل اور تجاویز

1. اگر نمائندگی ضروری بھی جانی ہے تو مہاجرین کے لیے بطور ووٹ کے صرف ایک نشست رکھی جائے، جس پر حریت کانفرنس نامزدگی کرے۔

2. پاکستانی صوبوں میں آباد ریاستی باشندوں کے شناختی ریکارڈ میں ایک نوٹ "مہاجر کشمیر" درج کیا جائے تاکہ ان کی اصل شناخت قائم رہے۔

3. آزاد کشمیر میں تمام کے تمام کے تمام کوٹہ کی نشستوں اور سماج صرف مہجرت پر دیے جائیں۔

4. اگر مہاجرین پاکستان میں کسی حق سے محروم ہیں تو حکومت پاکستان وہ حق براہ راست دے، نہ کہ آزاد کشمیر کے بجٹ سے۔

5. جو مہاجرین واپس آ کر بسنا چاہیں، انہیں آزاد کشمیر اقلیت تصور کیا جائے تاکہ ان کی اصل شناخت قائم رہے۔

پاک فضائیہ کے چرچے

پاکستان ایئر فورس نے بہت سے قابل ذکر پائلٹ پیدا کیے ہیں جن کی غیر معمولی بہادری، مہارت اور عزم تاریخی نازمات اور حالیہ معرکوں میں نمایاں ہوئی ہے۔ سب سے اعلیٰ شخصیات میں ایئر کموڈور محمود عالم ہیں، جو عام طور پر ایم ایم عالم کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران، صرف 36 گھنٹے اندر اندر ہوئے، انہوں نے ایک ہی پرواز کے دوران ایک حد سے بھی کم وقت میں پانچ بھارتی جاکر شکار کر گرایا، جس سے انہیں پہ دوا حاصل ہوا کہ ہوا کی برتری کے دوران، انہوں نے تو قصد قیدی شدہ کامیابیاں اور دو بھرتو قوتات حاصل کیں، یہ ایک ایسا کارنامہ ہے جو جدید فضائی جنگ میں سب سے کم پائلٹ کامیابیوں میں سے ایک ہے۔

ایک اور مشہور جوہاز اسکواڈرن لیڈر سید سجاد حیدر ہیں، جنہوں 1965ء کی جنگ میں پٹھان کوٹ ایئر بیس پر حملے کی قیادت کرنے کا سہرا دیا جاتا ہے۔ ان کے بہادرانہ اور اچانک والے حملے نے زمین پر دس سے زیادہ بھارتی طیاروں کو تباہ کر دیا، جس سے انہیں بے پناہ داد حاصل ہوا۔ گیارہ دن کی لڑائی کے دوران، انہوں نے نو تصدیق شدہ کامیابیاں اور دو محدود فتوح

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

آل ویلفیئر زیونین کمیٹی کھائیگلہ کا منشیات فروشی کیخلاف اعلان جنگ

موت کے سوداگر یہ کام چھوڑ دیں ورنہ ان کے خلاف انتظامیہ کی مدد سے آئینی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

انتظامیہ، والدین، حکومت ملکر ناسور کو ختم کرسکتی ہیں، پاکستان سے آنے والی منشیات کو انٹرپی پوائنٹس پر روکا جائے، مطالبہ

کھائی گلہ (ثناء کے نمائندہ خصوصی) منشیات فروشوں کیخلاف اعلان جنگ کرتے ہیں، جانا ہوں نوجوان نشے کے دلدل میں پھنس چکا ہے، موت کے سوداگر ان کو فروخت کرتے ہیں کہ وہ یہ کام چھوڑ دیں ورنہ ان کے خلاف انتظامیہ کی مدد سے آئینی طریقے سے ان کا خاتمہ کیا جائے گا، ہم نشے کے خلاف فیصلہ کن جنگ لڑنے کا عزم کرتے ہیں، پاکستان سے آنے والی منشیات کو انٹرپی پوائنٹس پر روکا جائے، ہم تمام لوگوں کے قانون سے ہی نمٹنے کو تیار ہیں، ہم اپنی اولاد کے سامنے اپنے نوجوانوں کو برباد ہوتا نہیں دیکھ سکتے، ہمارا (ایف 01 ستمبر 03)

کھائی گلہ صابر کشمیری ایڈووکیٹ، ڈی ایس پی کھل شریف، ماہار شہ و دیگر منشیات کے خلاف منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

حریت کانفرنس کا شیخ عبدالعزیز کو شاندار خراج عقیدت

مرحوم کی جدوجہد اور قربانی جدوجہد آزادی کا روشن باب ہے، بیان

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے مقتدر حریت رہنما شیخ عبدالعزیز کو ان کی یوم شہادت پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہیں عظیم عوامی رہنما ایک عظیم مجاہد قرار دیا۔ حریت نیوز کے مطابق منعقد کے سیلہ اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا جب کل جماعتی حریت کانفرنس کے مالی جنرل شیخ غلام احمد گلزار نے ریلی میں جاری ایک بیان میں کہا کہ شیخ عبدالعزیز کا (ایف 19 ستمبر 03)

فنی خرابی، سکردو جانے والی پرواز کو واپس اسلام آباد اتار لیا گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) فنی اعتبار ان کی سکردو جانے والی پرواز کو فنی خرابی کے باعث اسلام آباد میں واپس اتار لیا گیا۔ اسلام آباد سے سکردو جانے والی پرواز پی ای 251 کو (ایف 20 ستمبر 03)

عبدالعزیز الحاق پاکستان کی علامت تھے، عبدالرشید لون

پاکستان ان کی رگ رگ میں بسا ہوا تھا، جس سے محبت انکی انتہا تھی

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما وجموں وکشمیر میں صورتحال کے جائزہ لینے کے لیے جموں وکشمیر کی آزادی کیلئے کوشاں عبدالعزیز کی آزادی کیلئے ایک روشن باب ہیں اور وہ بھارت کشمیریوں کے دلوں میں زندہ رہیں گے، (ایف 02 ستمبر 03)

کشمیر کی آزادی کا سورج طلوع ہوگا، عبدالرشید بٹ

عالمی برادری کشمیری عوام کو ان کا حق دلانے کیلئے عملی کردار ادا کرے

سری نگر (کے پی آئی) ترجمان تحریک استقامت جموں وکشمیر عبدالرشید بٹ نے جرأت و بہادری کی علامت تحریک آزادی کشمیر کے سالار شیخ عبدالعزیز کو ان کی 11 اگست 2008 کی شہادت کے موقع پر شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شیخ عبدالعزیز کی آزادی کشمیر کا ایک روشن باب ہیں اور وہ ہمیشہ کشمیریوں کے دلوں میں زندہ رہیں گے، (ایف 03 ستمبر 03)

چناری، مولانا الطاف حسین صدیقی کی صحت یابی کیلئے دعا

چناری (خصوصی رپورٹ) امیر جماعت اہل سنت آزاد کشمیر علامہ سید محمد اسحاق قادری نے مفتی عبدالرحمن، پرنسپل گورنمنٹ انٹر کالج چناری، مولانا الطاف حسین صدیقی کی علالت پر دکتر سے ہسپتال میں عیادت کی۔ ملاقات کے موقعہ پر علامہ اسحاق قادری نے مفتی عبدالرحمن کو ہسپتال میں عیادت کی اور مولانا الطاف حسین صدیقی کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔ (ایف 03 ستمبر 03)

بنوں، دو فریقوں میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، 7 زخمی

بنوں (صباح نیوز) بنوں میں قبائلی تصادم کے دوران دو فریقوں کے درمیان فائرنگ تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 7 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق تھانہ کینٹ کیا (ایف 05 ستمبر 03)

محسود اور برکی قبائل کے تمام عمائدین کا گرینڈ جرگہ

پاک فوج اور ایف سی کی دیرپا امن کیلئے قربانیوں کو خراج تحسین

ایبٹ آباد (سید اسمٰعیل خان نیوز) محسود اور برکی قبائل میں محسود اور برکی قبائل کے تمام عمائدین کا گرینڈ جرگہ منعقد ہوا جس میں شرکت کی۔ قبائلی علاقہ جات میں امن کیلئے پاک فوج اور فرنٹیئر

اسلام آباد (امیر جماعت اسلامی ڈاکٹر محمد مشتاق خان شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

باریاں لگانے والوں کو گھر بھیجیں گے، ڈاکٹر مشتاق

جماعت اسلامی ریاست کے ہر شہری کو تعلیم و صحت مفت فراہم کرے گی

اسلام آباد (پ ر) جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کو اقتدار میں آئے ہوئے 77 برس ہیں، باریاں لگانے والی پارٹیوں اور اشرافیہ کو اقتدار میں آنے کا موقع دیا گیا، اب ہم انتخابات میں آرہے ہیں، اسلامی اقتدار میں آکر ریاست کے ہر شہری کو تعلیم اور صحت مفت فراہم کریں گے، بڑی بڑی باریاں لگانے والوں کو گھر بھیجیں گے، جماعت اسلامی ہر شہری کو سہولت (ایف 17 ستمبر 03)

روس کے علاقے کامچٹکا میں پھر 5.4 شدت کا زلزلہ

علاقہ میں شدید خوف و ہراس، آتش فشاں پھٹنے کے بعد راکھ کے بادل

ماسکو (صباح نیوز) روس کے علاقے کامچٹکا میں ایک بار پھر 5.4 شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا، جس کے نتیجے میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 7 زلزلے آچکے ہیں۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق روس کے علاقے کامچٹکا میں ایک بار پھر 5.4 شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا، جس کی گہرائی صرف 10 کلومیٹر تھی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کامچٹکا کے علاقے میں 7 زلزلے محسوس (ایف 15 ستمبر 03)

باغ، جشن آزادی پاکستان کی 4 روزہ تقاریب شروع

درجنوں گاڑیوں، موٹر سائیکلوں کے قافلے کی باغ شہر میں خصوصی آمد

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) باغ آزاد کشمیر میں جشن پاکستان کی چار روزہ تقریبات کا آغاز شاندار انداز میں ہو گیا۔ اس موقع پر اسلام آباد اور راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے درجنوں شہریوں سائیکل آزاد کشمیر کے حسین وادیوں سے گزرتے ہوئے لسنڈ کے سیاحتی مقام سے ہوتے ہوئے باغ اسٹیڈیم پہنچے۔ یہاں سیکڑوں شہریوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں، انجمن تاجران اور پاک فوج کیا (ایف 15 ستمبر 03)

باغ، یونس شہید ہائی سکول دھوندار میں پروقار تقریب

میرپور بورڈ میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو خراج تحسین

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) یونس شہید ہائی سکول دھوندار میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کا اہتمام سکول شہید و ٹیلنٹ فاؤنڈیشن نے ان ہونہار طلباء کے اعزاز میں کیا جنہوں نے میرپور بورڈ اور ایسٹرن بورڈ میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں اس موقع پر احسن خاکی کو میرپور بورڈ میں (ایف 14 ستمبر 03)

باغ، پیر کنٹھی تک روڈ کی فوری بہتری و پختگی کا مطالبہ

سمگلنگ، جنگلات کی کٹائی پر پابندی عائد کی جائے، چارٹر آف ڈیمانڈ

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چارٹر آف ایجاد ایکشن کمیٹی اسلام گڑھ سلام گڑھی میں موجودہ منشیدیاتی مقام پیر کنٹھی تک روڈ کی بہتری و پختگی کی جائے، اس پر محکمہ جنگلات سے ہونے والی (ایف 13 ستمبر 03)

لداخ کے آئینی حقوق کے حق میں بھوک 3 روزہ ہڑتال

معروف ماحولیاتی کارکن اور سونم وانگچک بھی ہڑتال کرنیوالوں میں شامل

کارگل (کے پی آئی) لداخ کے آئینی حقوق کے لیے سول سوسائٹی لداخ کے کارکنان نے کارگل میں کل سے بھوک ہڑتال جاری ہے، جنوری تک اپنی جانیں دے دیں گے۔ معروف ماحولیاتی کارکن اور سونم وانگچک بھی ہڑتال کر رہے ہیں۔ یہ احتجاج ہفتہ کو (ایف 12 ستمبر 03)

ایرانی صوبہ سیستان میں تھانے پر حملہ، اہلکار جاں بحق

جوابی کارروائی میں 3 حملہ آور ہلاک، 2 گرفتار، تفتیش کا عمل جاری

تہران (صباح نیوز) ایران کے شورش زدہ جنوب مشرقی صوبے سیستان بلوچستان میں انتہا پسندوں نے ایک پولیس ہیڈ کوارٹر کو نشانہ بنایا، جنوب میں 3 حملہ آور ہلاک ہو گئے جبکہ 2 کو گرفتار کر لیا گیا۔ فیرس نیوز ایجنسی کے مطابق منگل کی رات کو ایک پولیس ہیڈ کوارٹر پر حملہ کیا گیا، جس میں 11 اہلکار زخمی ہوئے۔ حملہ آوروں نے پولیس کے ہیڈ کوارٹر کو بھی نشانہ بنایا، جس میں 3 حملہ آور ہلاک ہو گئے جبکہ 2 کو گرفتار کر لیا گیا۔ فیرس نیوز ایجنسی کے مطابق زخمی ہونے والے پولیس اہلکار کی حالت تشویشی ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے اس حملے کی ذمہ داری سنی دہشتگرد تنظیم جیش العدل پر عائد کی ہے۔ (ایف 03 ستمبر 03)

حلقہ صوفی مختلف ممتاز شخصیات کی مسلم لیگ میں شمولیت

ریٹائرڈ ڈی پی آئی عبدالشکور صدیقی، ممتاز سیاسی سماجی و کاروباری شخصیت ساجد اقبال کے اعزاز میں تقریب

آزاد کشمیر کے آئندہ انتخابات میں ن لیگ کی کامیابی کے لئے بھرپور جدوجہد اور کوششیں کرنے کے عزم کا بھی اظہار

اسلام آباد (پیش رو) ملکہ مسعود سے ریٹائرڈ ڈی پی آئی آزاد کشمیر راجہ عبدالشکور صدیقی، ممتاز سیاسی سماجی و کاروباری شخصیت سردار ساجد اقبال اپنے ساتھیوں سمیت مسلم لیگ ن و اراکین میں باضابطہ شمولیت اختیار کر لی، راجہ نجیب خان کی بھرپور حمایت کا اعلان، انتخابات کے سلسلہ میں سردار ساجد اقبال کے ہاؤس پر پاکستان اسلام آباد میں ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی جس میں ملکہ مسعود صوفی کی (ایف 06 ستمبر 03)

شیخ عبدالعزیز کی تحریک آزادی کیلئے خدمات پر خراج عقیدت پیش

مرحوم نے ہمیشہ حق خود ارادیت کے لیے برسوں کی جدوجہد میں آزمائشوں اور شدید مشکلات کا سامنا کیا

شیخ عبدالعزیز شہید نے آزادی کے مقدس مشن کی انتہائی لگن اور عزم کے ساتھ خدمت کی، ڈی ایف پی کا بیان

سری نگر (کے پی آئی) جموں وکشمیر لبریشن فرنٹ کے ترجمان ایڈووکیٹ ارشد اقبال نے شہید ریاست شیخ عبدالعزیز کو ان کی 17 ویں برسی کے موقع پر شاندار خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک بیان میں ڈی ایف پی کے ترجمان ایڈووکیٹ ارشد اقبال نے شہید رہنما کی عظیم قربانیوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وہ آزادی کی تحریک کے بانیوں میں سے ایک تھے جنہوں نے حق خود ارادیت کے لیے (ایف 07 ستمبر 03)

NOBLE HOSPITAL
RAWALAKOT
RAWALAKOT
Consult Now with Your Family Physician
Diseases & Conditions Treated
- Diabetes
- Hypertension
- Asthma & COPD
- Renal & Gastric Problems
- Common Child Diseases
- Common Muscule Skeletal Disorders
- Executive Health Checkup
- Infectious Diseases & Allergies

DR. SARMAD SHAMRAIZ
Family Physician
Member Pakistan Society of Family Physicians (PSFP)
Member Pakistan Academy of Family Physicians (PAFP)
Monday to Thursday
3:30 pm to 8:00 pm
For Appointment
0341-4189701
0309-5709729
Noble Hospital Rawalakot / 33 Bank Road, Near Nadra Office, Housing Scheme, Rawalakot.

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت پونچھ کیلئے عوامی ہیلتھ کارڈ کا اجراء

راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال راولپنڈی/راولاکوٹ میں مریضوں کو 5 لاکھ روپے تک علاج کی سہولیات فراہم کی جائینگی

غیر حضرات اور بیرون ملک مقیم ہمارے اوورسیز خاندانوں کی معاونت کریں، چیئرمین پلاٹ فاؤنڈیشن خاقان وحید خواجہ

راولاکوٹ (ھرثی نیوز) راول فاؤنڈیشن نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے پونچھ کے لیے عوامی ہیلتھ کارڈ کا اجراء کر دیا جس کے تحت راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال راولپنڈی/راولاکوٹ میں مریضوں کو پانچ لاکھ روپے تک علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ اس تقریب میں کرنٹیڈ روڈ ایک تقریب میں میڈیکل ہیلتھ پروگرام کے لئے، میڈیکل ہیلتھ پروگرام کے تحت راول فاؤنڈیشن کی ڈاکٹر صائمہ خاقان، اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال راولپنڈی/راولاکوٹ کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر بشیر احمد کی موجودگی میں ڈی ایس پی راولاکوٹ ڈاکٹر عدنان خان، ڈاکٹر عبدالرشید، ڈاکٹر ایاز، ڈاکٹر عبدالرحمن، ڈاکٹر عبدالرحمن، ڈاکٹر عبدالرحمن